Department of Education
Chancellor David C. Banks

12 جنوری، 2023

عزیزی اہلِ خانہ،

ہمارے بنیادی ستونوں میں سے ایک آپکو بطور ہمارے حقیقی شراکت دارین مصروفِ عمل کرنا ہے۔ آپ اپنے بچوں اور انکی تعلیم کے معاملے میں ماہر ہیں، اور آپ کی مصروف عملی انکو اسکول کے اندر اور باہر پھلنے پھولنے میں مدد کرسکتی ہے۔ اس لیے میں آپکی ہمارے پبلک اسکولوں میں ایک قائدانہ کردار ادا کرنے کے لیے شہر کی 36 اجتمائی یا شہرپیما تعلیمی کونسلوں (CCEC) میں سے ایک میں نشست کے لیے انتخاب لڑنے کی درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کررہا ہوں۔

کونسلیں آپ جیسے منتخب کردہ اور تقرر کردہ والدین رضاکاران سے ترتیب پاتی ہیں۔ اگر آپ ایک نشست جیت جاتے ہیں، آپ اپنے اسکول ضلع میں اہم فیصلوں کی تشکیل میں ایک نمایاں کردار ادا کریں گے۔ مثال کے طور پر، آپ زوننگ حدود منظور کرسکتے ہیں یا اپنے بچے کے اسکول کی عمارت میں بہتری کا جائزہ لے سکتے ہیں، جیسا کہ حال ہی میں ضلع 15 کے شمال مغربی حصے میں ہوا تھا۔

اندراج میں اضافہ کرنے اور زیادہ تنوعیت کو فروغ دینے کے لیے، اجتمائی تعلیمی کونسل 15 (CEC) ممبران نے نیویارک شہر پبلک اسکولوں ، تعلیمی محققین، اور برادری کے قائدین کے ساتھ ایک ایلیمنٹری اسکول کا مکرر زوننگ منصوبہ تیار کیا۔ CEC نے کامیابی کے ساتھ ریڈ ہُک، بروکلن مضافات میں ایک انتہائی درکار مڈل اسکول انتخاب کی کامیابی سے وکالت بھی کی۔ یہ اس نوعیت کی پالیسی تبدیلیاں ہیں جو ہمارے بچوں کی زندگیوں میں حقیقی فرق پیدا کرتی ہیں۔

ہماری تعلیمی کونسلوں میں مزید تنوعیت لانے کے لیے، میں یہ بتاتے ہوئے پُرجوش ہوں کہ پہلی مرتبہ، ضلع 75 اسکول یا پروگرام میں ایک بچے والے خاندان ایک ضلع 75 کے نمائندے کے لیے ہر مقامی کونسل میں خدمات کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ یہ ہمارے خاندانوں کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے، اور میں اہل والدین کی ایک نامزد کردہ ضلع 75 نشست کے لیے انتخاب لڑنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

ہماری خاندانی اور اجتمائی شمولیت ٹیم آپکی انتخابات اور ووٹ ڈالنے کے طریقِ کار میں رہنمائی کے لیے متعدد وسائل فراہم کررہی ہے۔ اس میں مختلف زبانوں میں زُوم کے معلوماتی سیشنز اور تعلیمی کونسلوں کی ساخت اور ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات، اہلیت کے رہنما خطوط، اہم تواریخ، اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات شامل ہیں۔ آپ ان سب تک رسائی schools.nyc.gov/elections2023 پر حاصل کرسکتے ہیں اور 13 فروری تک اپنی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

بطور ایک والدین، میرا یقین ہے کہ ہم سب ایک محبت بھرے مقصد کا اشتراک کرتے ہیں: نوعمر افراد کو پھلنے پھولنے اور کامیاب ہونے میں مدد دینا۔ جب آپ تعلیمی کونسل کی ایک نشست کے لیے کھڑے ہوتے ہیں، آپ اپنے بچے کی تعلیم میں تبدیلی کی ایک آواز بن جاتے ہیں۔ جب آپ ووٹ ڈالکر اور اپنے CCEC نمائندگان کے ساتھ اپنی آرا کا اشتراک کرکے ہمارے اسکولوں پر اثر انداز ہونے والے اہم امور کے بارے میں اپنی آواز اٹھاتے ہیں، آپ اپنی برادریوں کو دکھاتے ہیں کہ آپ حل کا ایک حصہ ہیں۔ برائے مہربانی ایک کونسل نشست کے لیے کھڑے ہونے کا سوچیں اور ہمارے تمام طلبا کو روشن مستقبل کی راہ پر ڈالنے میں مدد کریں جسکے وہ مستحق ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

David C. Banks
نیویارک شہر اسکولز چانسلر